# مختلف ممالک سے آنے والے امراء و صدران جماعت اور مبلغین اور مرکزی نمائندگان کے ساتھ میٹنگ۔

آج پروگرام کے مطابق جلسہ سالانہ یُوکے میں شامل ہونے والے تمام مبلغین، مربیان، ممالک کے امراء اور نیشنل صدران اور مرکز قادیان اور ربوہ سے آنے والے ناظران، وکلاء اور دیگر جماعتی عہدیداران کی حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ تھی۔

☆ صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر میں مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔ ایک بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مسجد بیت الفتوح تشریف لاکر خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا اور نماز جمعہ وعصر جمع کر کے پڑھائیں۔ بعدازاں حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصر العزیز مسجد فضل تشریف لے آئے۔

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس خطبہ جمعہ کا مکمل متن الفضل انٹرنیشنل کے شمارہ 25؍اگست 2017ء میں شائع ہو چکا ہے۔

☆ مبلغین کے ساتھ میٹنگ کا انتظام گیسٹ ہاؤس 41 اور 53؍ کے عقب میں لگائی گئی مارکی میں کیا گیا تھا۔ اس میٹنگ میں 67؍ممالک سے 321 مبلغین اور مربیان کرام، امراء ممالک، نیشنل صدران اور مرکزی عہدیداران نے شرکت کی۔ براعظم وائز ممالک کی تفصیل اس طرح ہے۔

برّاعظم افریقہ کے 19؍ممالک سے آنے والے مبلغین، امراء اور صدران ممالک شامل تھے۔ ان ممالک میں گھانا، سیرالیون، بینن، بورکینافاسو، نائیجریا، نائیجر، گیمبیا، گنی کناکری، آئیوری کوسٹ، سینیگال، تنزانیہ، کینیا، کانگو کنشاسا، ٹوگو، یوگنڈا، زمبابوے، کیمرون، ماریشس اور برونڈی شامل تھے۔

برّاعظم یورپ کے 18 ممالک سے مبلغین اور نمائندگان شامل ہوئے۔ ان ممالک میں جرمنی، یُوکے، فرانس، آئرلینڈ، ہالینڈ، ناروے، سویڈن، سوئٹزرلینڈ، سپین، روس، بیلجئیم، ڈنمارک، فن لینڈ، ہنگری، آئس لینڈ، میسیڈونیہ، کروشیا اور یونان شامل ہیں۔

برّاعظم نارتھ اور ساؤتھ امریکہ کے 15 ممالک کی نمائندگی ہوئی جن میں امریکہ، کینیڈا، گوئٹے مالا، گیانا، ہیٹی، فرنچ گیانا، بیلیز، بولیویا، ایکواڈور، جمیکا، پیراگوئے، یوروگوئے، ہنڈوراس، ارجنٹائن اور میکسیکو شامل تھے۔

براعظم ایشیا میں انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، انڈونیشیا، ملائیشیا، کمبوڈیا، فلپائن، سنگاپور، جاپان، سری لنکا، دبئی اور ابوظہبی سمیت کُل 12؍ممالک کی نمائندگی ہوئی۔

علاوہ ازیں آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، مارشل آئی لینڈ اور مائیکرونیشیا سے آنے والے امراء، نیشنل صدران اور مبلغین شامل ہوئے۔

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ساڑھے پانچ بجے مارکی میں تشریف لائے اور تلاوت قرآن کریم سے پروگرام کا آغاز ہوا جو مکرم عبداللہ ڈبّا صاحب مبلغ سلسلہ امریکہ نے کی۔

بعدازاں حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مختلف ممالک سے آئے ہوئے امراء اور مبلغین سے گزشتہ سال میٹنگ کے دوران دی جانے والی ہدایات کی تعمیل کے بارہ میں بڑی تفصیل سے رپورٹ طلب فرمائی اور ساتھ ساتھ مزید ہدایات سے نوازا۔

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خصوصی طور پر افریقن ممالک میں نومبایعین کی تعلیم و تربیت اور انہیں نظامِ جماعت کا فعال حصہ بنانے اور جماعت کے مالی نظام میں شامل کرنے کے حوالہ سے بڑی تفصیل کے ساتھ ممالک کے امراء اور مبلغین سے باری باری جائزے لئے اور ساتھ ساتھ مزید ہدایات سے نوازا۔

☆ **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امیر صاحب گھانا سے فرمایا:۔**

میں نے کہا تھا کہ چاہے کوئی ایک سی ڈی یا 50 پیسوا بھی دیتا ہے تو ان کو قربانی کی عادت ڈالنی چاہئے۔ مجھے پتہ ہے کہ غریب لوگ ہیں لیکن میں نے دیکھا ہے کہ غریب لوگ بھی قربانی تو کرتے ہیں۔ جب بھی کوئی gathering ہو یا پروگرام ہو اور اس میں جب معلمین تحریک کرتے ہیں تو وہ چندہ دیتے ہیں۔ آپ ان کو یہ عادت ڈالیں کہ Regular یا کم از کم اگر regular نہ سہی تو مہینہ میں ایک دفعہ، یا سال میں ایک دفعہ سہی چندہ وقف جدید اور تحریک جدید دیا کریں۔

☆ **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔**

چندہ کے نظام میں سب کو شامل کرنا چاہئے چاہے وہ تھوڑا ہی کیوں نہ دیں۔ ان کو یہ realize کروائیں کہ چندہ کوئی ٹیکس نہیں ہے۔ بلکہ قربانی کی عادت ڈالنی ہے۔ مجھے پیسوں سے غرض نہیں ہے، مجھے تو تعداد سے غرض ہے۔ چاہے کوئی ایک فرانک ہی دے لیکن اس کو پتہ ہو کہ مالی قربانی کرنی ہے۔ نومبایعین کی تربیت کا بھی ساتھ ساتھ انتظام کرتے رہیں۔

☆ **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔**

جہاں بھی بیعتیں ہوتی ہیں وہاں بیعتوں کے بعد ان کا follow up بھی ہونا چاہئے۔

☆ **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امیر صاحب بورکینافاسو سے فرمایا:۔**

نومبایعین کو مالی نظام کا حصہ بنائیں تو خود ہی نظامِ جماعت کا حصہ بن جائیں گے۔ اسی لئے میں نے کہا ہے کہ چاہے ایک فرانک لیں یا اس سے بھی تھوڑا لیں۔ جب انہیں مالی نظام کا حصہ بنانے کی کوشش کریں گے تو پھر رابطے مستقل قائم رہیں گے اور ان کو مالی قربانی کی عادت پڑے گی کہ مالی قربانی بھی ان کے دین کا حصہ ہے۔ بہر حال لوگوں کی involvement زیادہ ہونی چاہئے۔

☆ **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امیر صاحب یوگنڈا کو فرمایا:۔** وقف جدید اور تحریک جدید کے لئے تو سارے ہی eligible ہیں، اس میں شامل کریں چاہے آپ ایک شلنگ ہی لیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا لیکن ان کو تحریکِ جدید، وقفِ جدید میں شامل کرنے کی کوشش کریں۔ ان کو وقف جدید اور تحریک جدید میں چندہ دینے کی عادت ڈالیں۔ بے شک سال میں ایک دفعہ ہی دیں وہی کافی ہے، لیکن اس سے ان کا جماعت کے ساتھ contact رہے گا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے امیر صاحب سیرالیون سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ آپ نومبایعین کو چندہ کے نظام میں شامل کرنے کے لئے کیا کوششیں کررہے ہیں؟ اپنی کوشش بتائیں تاکہ دوسرے بھی اس سے فائدہ اٹھاسکیں۔

اس پر امیر صاحب سیرالیون نے عرض کیا:۔ ہمارے 12 ریجنز ہیں۔ اس دفعہ ہم نے ہر ریجن میں تین تین سیمینار کرائے ہیں۔ تقریباً 400 کے قریب نومبایعین اماموں کو trained کیا ہے اور ہر تین ماہ میں ایک کلاس کا انعقاد کرتے ہیں۔ اس وقت فیلڈ میں 12 مبلغین اور 59 سرکٹ مشنریز اور 250 کے قریب لوکل معلّمین ہیں۔ ہماری 1200 کے لگ بھگ جماعتیں ہیں۔ یہ سب مل کر کام کررہے ہیں اور جماعتوں کے دورے کرتے ہیں جس کی وجہ سے چندہ میں شامل ہونے والے نومبایعین کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔

☆ **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے میٹنگ** کے دوران ممالک کے مشن ہاؤسز جہاں مرکزی مبلغین متعین ہیں وہاں **لائبریریز کے قیام اور انہیں مستقل UPDATE رکھنے کے حوالہ سے ممالک وائز بڑی تفصیل سے جائزہ لیا اور ہدایات دیتے ہوئے فرمایا۔**

جن سنٹروں میں لائبریریز کا قیام ہو چکا ہے وہاں لائبریریز کو اپ ڈیٹ بھی کرنا چاہئے۔ کئی نئی کتب شائع ہوئی ہیں وہ بھی لائبریری کے لئے منگوائیں۔

☆ **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔**

قادیان یا یُوکے سے جو بھی نئی کتابیں چھپ رہی ہیں، اس چاہئیں۔ ہر جلد کی چار چار کاپیاں ہونی چاہئیں۔ اس حساب سے جائزہ لیں۔ فضل عمر فاؤنڈیشن اور نظارت اشاعت سے پتہ کریں۔ اسی طرح انگریزی میں جو براہین احمدیہ کا ترجمہ ہوا ہے وہ بھی منگوائیں۔ اسی طرح تفسیرِ کبیر کی عربی جلدیں شائع ہوگئی ہیں وہ بھی منگوائیں۔

☆ **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔**

پچھلے سال بھی میں نے سارے مبلغین کو کہا تھا کہ لائبریریاں مکمل کریں۔ لسٹیں منگوائیں۔

**حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایڈیشنل وکیل الاشاعت برائے ترسیل سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا:** آپ کا کام ہے کہ ملکوں سے رابطے کریں اور ہر مشن کو لسٹ بھیجیں۔ مقامی زبانوں کے لٹریچر کے علاوہ باقی سب کتب کی فہرست ہونی چاہئے۔ یہاں انوارالعلوم تو شائع نہیں ہو رہی، خطباتِ محمود بھی شائع نہیں ہو رہے اور باقی بھی جو کتابیں قادیان سے شائع ہو رہی ہیں، وہ ان سے لے کر لسٹ بھجوائیں۔ قادیان سے نمائندے آئے ہیں، ان سے میٹنگ کریں۔ ان سے معلومات لے کر لسٹ سارے مشنوں کو بھیجیں کہ چیک کریں کونسی کتابیں آپ کی لائبریریوں میں ہیں اور کونسی نہیں ہیں۔ یہ آپ کا کام ہے کہ سارے مشنوں کو فہرست مہیا کریں۔ قادیان کا یہ قطعاً کام نہیں ہے کہ باہر کے مشنوں سے رابطہ رکھیں، یہ رابطہ یہاں کی ایڈیشنل وکالت اشاعت نے کرنا ہے۔

☆ **حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز باجماعت کے قیام کے حوالہ سے بھی مختلف ممالک کے نمائندگان سے جائزہ لیا اور مزید ہدایات سے نوازا۔**

**حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایک اصولی ہدایت دیتے ہوئے فرمایا:** جتنے لوگ آپ کے چندہ دیتے ہیں، ان سے زیادہ باجماعت نماز پڑھنے والے ہونے چاہئیں۔

**حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نماز سنٹرز کے حوالہ سے عمومی ہدایت دیتے ہوئے فرمایا:۔** جن علاقوں میں احمدیوں کے گھر قریب قریب ہیں، وہاں کسی گھر میں اکٹھے ہو کر نماز پڑھ لیا کریں۔

☆ **نیز حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:**

ہر ملک میں، ہر مشن میں مشنریز کوشش کریں کہ جن علاقوں میں لوگ مسجد تک آسکتے ہیں مسجدوں میں آئیں، ورنہ قریب کے کسی گھر میں اکٹھے ہو کر وہاں نماز قائم کریں۔ یہ بہت ضروری ہے۔

☆ **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مختلف ممالک میں تقسیم ہونے والے لیف لیٹس کے حوالہ سے بھی تفصیلی جائزہ لیا۔** اللہ تعالیٰ کے فضل سے دنیا بھر کے

مختلف ممالک میں ایک بہت بڑی تعداد میں لیف لیٹس کی تقسیم ہوئی جس سے جماعت کا تعارف لکھوکھہا لوگوں تک پہنچا ہے۔

سویڈن کے مبلغ نے رپورٹ دیتے ہوئے بتایا کہ امسال لیف لیٹس کی چھپوائی میں کافی تاخیر ہوئی ہے اس لئے زیادہ تعداد میں لیف لیٹس تقسیم نہیں ہو سکے۔ اس پر حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ ''بار بار یاددہانی کروایا کریں۔''

حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے میکسیکو اور گوئٹے مالا میں تقسیم ہونے والے لیف لیٹس کے حوالہ سے وہاں کے مبلغین سے دریافت فرمایا کہ لیف لیٹس کی تقسیم سے جماعت کا مثبت تعارف بھی ہوا ہے یا نہیں؟ لوگ ذاتی دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں؟

اس پر مبلغین نے عرض کیا کہ لیف لیٹس کی تقسیم کی وجہ سے لوگ کافی دلچسپی لے رہے ہیں اور ہمارے نئے رابطے بھی بنے ہیں۔

☆ حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے واقفینِ نو کے حوالہ سے بھی مختلف ممالک سے جائزہ لیا اور ہدایت دیتے ہوئے فرمایا:۔

مَیں نے کہا تھا کہ واقفینِ نَو ہر ملک سے جامعہ میں جائیں، افریقہ والے اپنے جامعات میں جائیں۔ اسی طرح کینیڈا میں بھی جاسکتے ہیں۔ ہر ملک میں جو واقفینِ نو ہیں وہ ٹارگٹ بنائیں کہ ایک فیصد واقفینِ نَو کا جامعہ میں جانا چاہئے۔ مربیان کی بہت زیادہ ضرورت ہے جو پوری نہیں ہورہی۔ چھوٹے ممالک میں یہ ٹارگٹ کم از پانچ فیصد ہونا چاہئے۔

**حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انچارج شعبہ وقفِ نومرکزیہ (لندن) کو ہدایت دیتے ہوئے فرمایا:** مجھ سے ہر ملک کا علیحدہ علیحدہ ٹارگٹ مقرر کرالیں۔

☆ **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے کتب کی اشاعت کے حوالہ سے ہدایات دیتے ہوئے فرمایا:۔**

Five Volume Commentary جلدی شائع ہونی چاہئے۔

اسی طرح حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے کتاب World Crisis and Pathway to Peace کے نئے ایڈیشن کے مختلف زبانوں میں تراجم کے حوالہ سے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا:۔

اٹالین اور انڈونیشین میں بھی World Crisis and Pathway to Peace کا ترجمہ جلد مکمل کریں۔ جن ممالک میں انگریزی سمجھی جاتی ہے وہاں لوکل زبانوں میں World Crisis and Pathway to Peace کا ترجمہ کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔ لوگ انگریزی میں ہی پڑھ لیتے ہیں۔ فانٹی میں کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اسی طرح فِن لینڈ میں بھی 95 فیصد لوگ انگریزی سمجھ لیتے ہیں۔ فِینش میں بھی ضرورت نہیں ہے۔ Twi زبان میں بھی ترجمہ کی ضرورت نہیں ہے۔ باقی سب کو یاددہانی کروائیں۔ یہاں جو نمائندے آئے ہوئے ہیں وہ فوری طور پر اپنے امراء کو کہیں کہ دو ہفتے کے اندر اندر اپنی رپورٹ بھجیں۔

☆ **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ایڈیشنل وکیل الاشاعت صاحب کو ہدایت فرمائی:۔** جو کتابیں انڈیا یا پاکستان میں پرنٹ نہیں ہوسکتیں ان کی لسٹ منگوائیں اور ان کو یہاں سے پرنٹ کروائیں۔

☆ حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعتی لٹریچر کو فروخت کرنے کے حوالہ سے ہدایت فرمائی کہ:

جماعتیں جو لٹریچر لیتی ہیں وہ فروخت بھی کرتی ہیں یا store کردیتی ہیں۔ لائبریریز کے علاوہ بھی آپ کے پاس رپورٹس آنی چاہئیں۔

**حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔**

لوگوں کو کتب خریدنے کی عادت ڈالیں۔ آجکل لوگ فونوں پر زیادہ پڑھتے ہیں اس لئے کتب خرید کر پڑھتے ہی نہیں۔

☆ **تبلیغ کے حوالہ سے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے عمومی ہدایت دیتے ہوئے فرمایا** کہ ہر ملک کو اپنے اپنے حالات دیکھ کر تبلیغ کے مختلف طریقے استعمال کرنے چاہئیں۔

مبلغین اور جماعتی عہدیداروں کی حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ یہ میٹنگ 8 بجکر 15 منٹ پر ختم ہوئی۔ آخر پر حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی۔

☆ دعا کے بعد اس میٹنگ میں شامل ہونے والے تمام مبلغین، امراء اور صدران نے اپنے پیارے آقا کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔ تصاویر کے لئے تمام ممبران کو درج ذیل گروپس میں تقسیم کیا گیا تھا:

1۔ نمائندگان انڈیا

2۔ نمائندگان تحریکِ جدید ربوہ و خدام الاحمدیہ (پاکستان)

3۔ نمائندگان صدر انجمن احمدیہ ربوہ و وقفِ جدید ربوہ

4۔ مبلغین افریقن فرنچ ممالک (ماریشس، کانگو کنشاسا، بورکینا فاسو، برونڈی، گنی کناکری، بینن، نائیجر، آئیوری کوسٹ، ٹوگو، سینیگال اور کیمرون۔

5۔ مبلغین دیگر افریقن ممالک (گھانا، تنزانیہ، یوگنڈا، سیرالیون، نائیجیریا، گیمبیا، زمبابوے)

6۔ مبلغین جرمنی

7۔ مبلغین برطانیہ

8۔ جرمنی کے علاوہ دیگر یورپین ممالک کے مبلغین

9۔ مبلغین سلسلہ امریکہ، آسٹریلیا، میکسیکو، گوئٹے مالا، مارشل آئی لینڈ، نیوزی لینڈ، مائیکرونیشیا

10۔ مبلغین سلسلہ کینیڈا، بلیز، ایکواڈور

11۔ مبلغین سلسلہ ہیٹی، گوئٹے مالا، گیانا، فرنچ گیانا

12۔ پاکستان اور انڈیا کے علاوہ ایشین ممالک (جاپان، کمبوڈیا، انڈونیشیا، ملائیشیا، بنگلہ دیش، سنگاپور) کے مبلغین

13۔ مرکزی دفاتر (وکالت تبشیر، وکالت مال، دفتر پرائیویٹ سیکرٹری، وکالت تعمیل و تنفیذ، وکالت اشاعت، وکالت تصنیف) میں خدمت سرانجام دینے والے مبلغین

14۔ مبلغین مرکزی ڈیسکس (رشین، عربک، بنگلہ، چائنیز، ترکی)

15۔ شعبہ آرکائیو، ایم ٹی اے، ریویو آف ریلیجنز، وقفِ نو، رقیم پریس، پریس اینڈ میڈیا، خدام الاحمدیہ میں خدمت انجام دینے والے مبلغین

16۔ اساتذہ جامعہ احمدیہ یُوکے

17۔ شاہدین جامعہ احمدیہ کینیڈا سال 2017ء

18۔ شاہدین جامعہ احمدیہ یُوکے سال 2017ء

19۔ شاہدین جامعہ احمدیہ جرمنی سال 2017ء

علاوہ ازیں جامعہ احمدیہ ربوہ سے سال 1981ء کی فارغ التحصیل کلاس کے مبلغین نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں تصویر بنوانے کی درخواست کی تھی کہ اس سال جلسہ پر اس کلاس کے مبلغین مختلف جگہوں سے اکٹھے ہوئے ہیں۔ حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہِ شفقت اس کی بھی اجازت عطا فرمائی۔

تصاویر کے پروگرام کے بعد حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے گئے۔ 9 بجے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مسجد بیت الفضل میں تشریف لاکر نمازِ مغرب وعشاء جمع کرکے پڑھائیں۔